رول نمبر:_____

جوابی کاپی نمبر:_____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: **خاصہ سال دوم** پرچہ: **دوسرا** مضمون: **الحدیث الشریف+علوم الحدیث**

تاریخ: **13-02-2024** دن: **منگل** کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75**

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: حضور کے قول، فعل اور تقریر کو حدیث کہتے ہیں، اس میں تقریر کا کیا معنی ہے؟

سوال نمبر 2: خبر و حدیث میں کیا فرق ہے؟ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: جمہور محدثین کے نزدیک حدیث مرسل کا کیا حکم ہے؟ مع دلیل تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: مدلس کی روایت کا حکم بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: صحیح لذاتہ اور صحیح لغیرہ کی تعریف بیان کیجئے۔

سوال نمبر 6: تقویٰ کی تعریف بیان کیجئے۔

سوال نمبر 7: درجات الصحاح میں کوئی سے چھ درجات بیان کیجئے۔

سوال نمبر 8: مستدرک للحاکم میں امام ابو عبداللہ نیشاپوری نے کون سی احادیث کو ذکر کیا ہے؟

سوال نمبر 9: عن جابر رضي الله عنه قال: قال رسول الله ﷺ: "ثنتان موجبتان قال رجل: ما الموجبتان؟ قال: من مات يشرك بالله شيئا دخل النار ومن مات لا يشرك بالله دخل الجنة" مذکورہ عبارت پر اعراب لگائیے اور ترجمہ کیجئے۔

سوال نمبر 10: حدیث پاک کے مطابق افضل اسلام کس کا ہے، افضل ایمان کون سا ہے اور افضل نماز کون سی ہے؟

سوال نمبر 11: قال رسول الله ﷺ: "ستة لعنتهم ولعنهم الله وكل نبي يجاب" مذکورہ حدیث کی روشنی میں بتائیے کہ چھ ملعون اشخاص کون سے ہیں؟

سوال نمبر 12: قال رسول الله ﷺ: "الوائدة والموءودة في النار" مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کیجئے۔

سوال نمبر 13: منافق و کافر سے جب کہا جائے گا: "ما كنت تقول في هذا الرجل" تو یہ کیا جواب دیں گے اور فرشتے ان کے ساتھ کیا سلوک کریں گے؟

سوال نمبر 14: قال رسول الله ﷺ: "أبغض الناس إلى الله ثلاثة ملحد في الحرم ومبتغ في الإسلام سنة الجاهلية ومطلب دم امرء مسلم بغير حق" اعراب لگائیے اور ترجمہ کیجئے۔

سوال نمبر 15: جب اہل کتاب نے عبرانی زبان میں تورات کو پڑھا اور مسلمانوں کے لیے عربی زبان میں اس کی تفسیر کی تو اس موقع پر پیارے آقا ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟

سوال نمبر 16: قال رسول الله ﷺ: "إن الإيمان ليأرز إلى المدينة كما تأرز الحية إلى جحرها" مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر لفظی ترجمہ کیجئے۔

سوال نمبر 17: حضور ﷺ نے فرمایا: "قرآن پاک 5 صورتوں (أوجہ) پر نازل کیا گیا" بتائیے وہ پانچ صورتیں کون سی ہیں؟

سوال نمبر 18: حدیث رسول ﷺ کے مطابق قابل رشک کون سے دو مرد ہیں؟

سوال نمبر 19: "خصلتان لا يجتمعان في منافق" کون سی دو خصلتیں منافق میں جمع نہیں ہوتی۔

سوال نمبر 20: حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ کے قول کے مطابق اسلام کو گرانے والی کتنی اور کون کون سی چیزیں ہیں؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: کوئی سی پانچ تعریفات تحریر کیجئے۔ مضطرب مدرج معضل مرسل متصل مرفوع مقطوع

سوال نمبر 2: ضبط سے متعلق کتنے وجوہ طعن ہیں؟ ان کے نام مع تعریفات تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: عن ابن عباس رضي الله عنهما قال: إن وفد عبد القيس لما أتوا النبي قال رسول الله ﷺ: "من القوم قالوا ربيعة قال: مرحبا بالقوم غير خزايا قالوا يا رسول الله: إنا لا نستطيع أن نأتيك إلا في الشهر الحرام وبيننا وبينك هذا الحي من كفار مضر فمرنا بأمر فصل نخبر به من وراءنا وندخل به الجنة وسألوه عن الأشربة فأمرهم بأربع ونهاهم عن أربع ونهاهم عن الحنتم والدباء والنقير والمزفت قال احفظوهن واخبروا بهن من وراءكم مذکورہ عبارت کا ترجمہ کیجئے نیز ان الفاظ (الحنتم، الدباء، النقیر، المزفت) کی وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 4: قال رسول الله ﷺ: "كتب الله مقادير الخلائق قبل أن يخلق السموات والأرض بخمسين ألف سنة قال وكان عرشه على الماء" حدیث مذکور کی تشریح سپرد قلم کیجئے۔

سوال نمبر 5: مناقب کا معنی تحریر کیجئے نیز حضرت علی کے فضائل پر مشتمل تین احادیث تحریر کیجئے۔